Ref No: SCCI -2026/ EC0226 Date: 23-04-2026

# MINUTES OF THE MEETING OF THE EXECUTIVE COMMITTEE, THE SWABI CHAMBER OF COMMERCE AND INDUSTRY HELD ON 23rd APRIL 2026 AT 12:00 p.m. IN THE M/s TARBELLA STEEL & RE-ROLLING MILLS (PRIVATE) LIMITED,AT L-05,GADOON AMAZAI INDUSTRIAL ESTATE .

ایوان صنعت وتجارت صوابی کی ایگزیکٹیو کمیٹی کا اہم اجلاس میسرز تربیلہ سٹیل اینڈری رولنگ ملز (پرائیوٹ) لمیٹڈ واقع L-05 گدون اکنامک زون، ضلع صوابی میں 23 اپریل 2026 بروز جمعرات کو منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایوان کے صدر جناب فضل رحیم جدون صاحب نے کی اور اہم اجلاس میں ایوان صنعت وتجارت صوابی کے اہم امور کی منظوری حاصل کی گئی۔ اہم اجلاس میں اراکین مجلس عاملہ ومرکزی فنانس وانتظامی کمیٹی کے اراکین نے گدون انڈسٹریلسٹ ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے ہمراہ شرکت کی۔

## اجلاس کی کاروائی

اجلاس کی باقاعدہ کاروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اس موقع پر اجلاس میں شریک سینئر نائب صدر وممبر رکن جناب فضل امین صاحب نے تلاوت کلام پاک کا شرف حاصل کیا۔ اہم اجلاس انکے تعاون کی بدولت منعقد کیا گیا جس پر اجلاس کے آغاز میں ہی صدر مجلس نے ادارے کے لیے انکی کاوشوں کو سراہا۔ صدر صوابی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی اجازت سے اجلاس کی باضابطہ کاروائی کو کا باقاعدہ آغاز

کیا گیا۔

**01:**۔ اجلاس کے آغاز میں مرحوم صنعتکار جناب فقیر رحمان کی اچانک وفات پر تعزیتی ریفرنس پیش کیا گیا اور انکے درجات کی بلندی کے کے لیے دعا کی گئی۔ شرکاء نے انکی اچانک وفات پر دلی دکھ کا اظہار کیا اور انکی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔

02:۔ اجلاس میں گزشتہ ماہ ستمبر سال 2025 سے لیکر اپریل 2026 کے تیسرے ہفتے تک ایوان کی کارکردگی پیش کی گئی۔شرکاء نے ایوان کی روزانہ کی کارکردگی پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا اور مزید بہتری کے لیے کوششیں جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

03:۔ تیسرا ایجنڈا پوائنٹ ماہ اکتوبر سال 2024 میں منظور شدہ قرارداد جس میں ایوان کے بینک الحبیب گدون چوک تحصیل ٹوپی اور نیشنل بینک آف پاکستان کی مین برانچ واقع جہانگیرہ روڈ صوابی سٹی میں جوائنٹ بینک اکاؤنٹ میں ادارے کے دستخطی Signatory کی تبدیلی سے متعلق تھی اور ایوان صنعت وتجارت کی SECP میں سالانہ فائلنگ اور گورننس رپورٹ جو کہ اب موصول ہو چکی ہے میں تاخیر کی وجہ سے زیر التواء تھی پر دوبارہ کاروائی شروع کرنے اور منظور شدہ قرارداد کی توثیق اور دوبارہ منظوری کی درخواست کی گئی۔

اراکین مجلس عاملہ نے متفقہ طور پر منظور شدہ قرارداد کے متن کی دوبارہ توثیق کی اور تمام بینک اکاؤنٹس میں دستخطی Signatory کی تبدیلی اور صدر فضل رحیم جدون صاحب کے نام کو شامل کرنے کی حمایت کی۔

04:۔ ایوان نے EPADS پر Login اکاؤنٹ بنانے اور PPRA کے قوانین کی تعمیل کے لیے پیش کردہ ایجنڈا پوائنٹ پر سیکرٹری جنرل صوابی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سے بریفنگ کے بعد منظوری دی۔شرکاء نے KPPRA کے ساتھ بھی اکاؤنٹ پر استفسار کیا اور جس پر سیکرٹری جنرل نے آگاہ کیا کہ KPPRA کے مطابق ادارہ وفاقی حکومت سے منسلک ہے اس لیے اگر کسی پراجیکٹ کے لیے صوبائی حکومت کے سرکاری فنڈز موصول ہوئے تو اس کے لیے KPPRA حکام سے درخواست کی جائے گی۔

05:۔ صدر مجلس نے پراجیکٹ ریسرچ اینڈ ٹیکنالوجی ڈویلپمنٹ سنٹر پر کارکردگی کے حوالے سے ممبران مجلس عاملہ اور اجلاس کے شرکاء کو آگاہ کیا اور گزشتہ منظوریوں کی روشنی میں ماہ اپریل 2026 کو مشتہر شدہ اشتہارات برائے بھرتی کے سلسلے میں گزشتہ روز منعقد ہونے والے HR Committee کے اجلاس اور خواہشمند امیدواروں کے مکمل ہونے والے انٹرویوز کی تفصیل بیان کی۔

اراکین مجلس عاملہ نے اور مرکزی انتظامی و مالی امور کے کمیٹی اراکین نے متفقہ طور پر مکمل شدہ HR Committee

کی تمام کاروائیوں کی منظوری دی اور پراجیکٹ کے لیے بھرتی کے عمل کو جلد مکمل کرنے اور فنڈز کے جلد حصول کے لیے کوشش کرنے پر زور دیا۔صدر مجلس نے تمام شرکاء کا اس پراجیکٹ کے حوالے سے درکار تعاون پر شکریہ ادا کیا۔

06:۔ اراکین مجلس عاملہ نے پراجیکٹ RTDC کو بطور ذیلی و نیا ادارہ "Center for Policy Reserach and Technology Development" کے منظوری دی۔مجوزہ ادارہ RTDC پراجیکٹ کے مکمل ہونے پر باقاعدہ تشکیل پائیگا اور اس کو یونیورسٹی آف صوابی کے ساتھ باہمی تعاون سے تشکیل شدہ منیجمنٹ کمیٹی چلائے گئی۔جبکہ مجوزہ ادارہ پراجیکٹ کے گورننس سے متعلق امور کے لیے ہوگا اور اسکی تشکیل کی بدولت مالی و انتظامی امور کی شفافیت کو برقرار رکھا جائے گا۔

07:۔ اجلاس کے شرکاء کو ماہ دسمبر 2025 میں EDF اور TDAP وزارت تجارت کے اعلیٰ سطحی وفد کے دورہ وومن یونیورسٹی صوابی کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔صوابی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری خواتین کی کاروباری و معاشی ترقی کے لیے وومن یونیورسٹی صوابی کے باہمی اشتراک Women Business Incubation Center کے قیام کو عمل میں لانا چاہتا ہے اور اسکی مجوزہ لاگت 35.5 ملین روپے ہے۔لیکن EDF میں نئے Board of Directors کی تعناتی کے بعد گزارش کی گئی ہے کہ مجوزہ منصوبہ میں Common Facility Center کو شامل کیا جائے اور اس میں مختلف امور کے لیے درکار مشینری کی درخواست بھی کی جائے تاکہ پراجیکٹ کو تقویت مل سکے اور نئے بورڈ سے اسکی منظوری آسان ہو۔

08:۔ PEDO کے مجوزہ منصوبے CTBCM پر گدون انڈسٹریلسٹ ایسوسی ایشن کے نائب صدر سید حمید اللہ شاہ صاحب نے تمام شرکاء کو بریفنگ دی اور اس حوالے سے مشترکہ کوشش کرنے پر قائل کیا۔متفقہ طور پر طے پایا کہ ایوان جلد اس حوالے سے خواہشمند ممبرز صنعتی یونٹس کا اجلاس بلائے گا۔

09:۔ تحصیل ٹوپی میں ذیلی عدالتوں اور مختلف امور کے حوالے سے خواتین درخواست گزاروں کے لیے انتظار گاہ اور شیر خوار چھوٹے بچوں کے لیے ڈے کیئر سنٹر کے قیام کے حوالے سے ایوان کے نائب جناب ندیم خان نے ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر تحصیل ٹوپی ڈاکٹر یامین شاہ کی درخواست پر اجلاس کو آگاہ کیا اور اس حوالے سے مالی تعاون کی درخواست پیش کی۔شرکاء نے اس تجویز کو سراہا اور بعد از اجلاس اس حوالے سے مشترکہ مالی تعاون کی یقین دہانی کروائی۔

10:۔ اجلاس کو سابقہ میشر وزیر اعلیٰ جناب عبدالکریم تورڈھیر صاحب کی درخواست برائے انعقاد صوابی ایکسپو جس میں نمایاں حصہ ثقافت اور سیاحت کے فروغ سے ہے میں تعاون وشرکت کے حوالے سے منظوری کی درخواست کی گئی۔ ایوان نے کاروبار وصنعت سے متعلق امور میں تعاون اور نمایاں پیش رفت کے حوالے سے کوشش کرنے کی منظوری دی۔

11:۔ اجلاس میں پاک ایور برائیٹ نامی غیر ترقی یافتہ ادارے کے چیف ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب شہاب الدین نے بھی شرکت کی۔ انھوں نے ایوان کے ممبران کو CSR کی مد میں سالانہ انکم ٹیکس کی بچت اور SECP کے منظور شدہ CSR ایکٹ کے حوالے سے آگاہ کیا۔ مجلس عاملہ کے شرکاء نے منظوری دی کہ ایوان جلد صوابی یونیورسٹی اور دیگر عالمی ومقامی NGO اور سرکاری اداروں کے تعاون سے CSR اور اس حوالے سے کاروباری اداروں کے کردار پر آگاہی کے حوالے سے جلد سیمنار کا انعقاد کرے گا۔

12:۔ اجلاس میں محکمہ ماحولیات کے نوٹسز کا بھی جائزہ لیا گیا اور صنعتی یونٹس کو انکی تعمیل کرنے اور اس حوالے سے درکار مشکلات کا جائزہ لیا گیا۔ اس ایجنڈا پوائنٹ پر متفقہ فیصلہ کیا گیا کہ ذیلی کمیٹی جلد اس حوالے سے متعلقہ حکام خاص کر KRPEZDMC اور محکمہ ماحولیات کے اعلیٰ حکام کے ساتھ ملاقات کرے گی اور اس بات پر قائل کرے گی کہ سرکاری علمداری کے لیے درکار تعاون انتہائی ضروری ہے تاکہ صنعت کا پہیہ چلتا رہے اور ترقی کا سفر نا رکے، اس طرح حکم کی تعمیل بھی ہوگئی اور بے روزگاری کا خدشہ بھی نا رہے گا۔

13:۔ اجلاس میں بینک الحبیب کے خیبر پختونخواہ، پشاور آفس مردان ریجنل آفس اور متعلقہ برانچ کے بینک منیجر کے ہمراہ دیگر حکام نے بھی شرکت کی اور کاروباری مقاصد، ہاؤسنگ کے منصوبے اور صنعتی فیکٹریوں اور کاروباری مقاصد کے سپلائی چین کے لیے درکار گاڑیوں کے سہولت کے لیے قرضہ جات کے حصول پر آگاہی دی۔ اس موقع پر ممبران مجلس عاملہ اور صنعتی یونٹس کے ملکان کے بینک کے منصوبوں سے متلق سوالات کے جوابات بھی دیئے گئے۔

تمام ایجنڈا پوائنٹس پر مکمل آگاہی اور مشاورت کے بعد ایوان نے سیکرٹری جنرل محمد سلمان خان کی اجلاس کے حوالے سے بھرپور تیاری اور ایوان کی آج دن تک کارکردگی کی تعریف کی اور سینئر نائب صدر جناب فضل امین صاحب کا اجلاس کے انعقاد اور مہمان نوازی پر بھرپور شکریہ ادا کیا۔

اجلاس کا اختتام انتہائی خوشگوار ماحول میں ہوا۔ صدر مجلس نے تمام شرکاء کا بھرپور شرکت پر شکریہ ادا کیا اور ادارے و ضلع صوابی میں کاروبار اور معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور خوشحالی کے لیے دعا کروائی گئی۔

☆☆☆☆☆☆

**Attendance Sheet**

**Executive Committee Meeting of the Swabi Chamber of Commerce and Industry**

**Dated:** 23/04/2026

| S/No | Name | Designation | Signature |
|---|---|---|---|
| 1 | EC [illegible] | Hony CEO | |
| 2 | EC [illegible] | JSI Group Pak | |
| 3 | Dr. Saeed ur Rehman | Mgr/Administrator | |
| 4 | Umar Ali | CEO/Founder | |
| 5 | ZAKIR ALI | AMIN Filling Station | |
| 6 | Syed Hameedullah Shah | Sr. Manager CRDERS | |
| 7 | Muhammad Zakir EC | Chand packaging Ltd | |
| 8 | Shahabuddin | C.E.O/PEDO | |
| 9 | Fazli Amin EC | S.V.P. | |
| 10 | Fazal Rahim Jadoon EC | S President | |
| 11 * | M. Israr. | Swabi Resort | |
| 12 * | Liaqat Ahmed Khan | Prominent member | |
| 13 | M. Israr | BAHL Cheif Manger | |
| 14 | Waheed Karim | Incharge Credit/AGM | |
| 15 | Nawaz Noor | Bank Al Habib Ltd Zonal Head KPK | |
| 16 | Habib ur Rehman | BAHL SME Head KPK | |
| 17 | M. Rehman | BM. BANK | |
| 18 | Ajoon Khan Jadoon EC | EC Member | |
| 19 | Amir Rehman | EC Member GIA | |
| 20 | Nadeem Khan EC | V. P | |
| 21 | M. Khalid EC | | |
| 22 | Asif Ali EC | SVP. | |
| 23 | Imran Bashir | RID Executive | |
| 24 | Muhammad Hassan | Admin/Accounts | |
| 25 | Aqeel Khan | Office Assistant | |
| 26 | Nawab Ali EC | Member EC | |
| 27 | Awais Akram Bacha EC | Member EC | |
| 29 | Shahid Ali EC | Member EC | |
| 30 | Asif Zaman EC | Member EC | |